**04-05-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS**

سرخیاں

(۱) تلنگانہ کانگریس سربراہ و وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے یقین دہانی کروائی ہے کہ اِس ماہ کی 8 تاریخ تک ریاستی حکومت رعیتو بندھو اسکیم کے بقایا جات کی رقم کسانوں کے بینک کھاتوں میں جمع کروا دے گی۔

(۲) روہیت ویمولا کی ماں کو وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے یقین دہانی کروائی کہ 2016ء میں ان کے بیٹے کی خودکشی کے معاملہ کی جانچ ایک مرتبہ پھر کروائی جائے گی اور ان سے انصاف کو یقینی بنایا جائے گا۔

(۳) حیدرآباد پولیس نے جی ایس ٹی کی رقم کی واپسی کی دھوکہ دہی کے 7 معاملات میں ملوث جی ایس ٹی کے پانچ عہدیداروں کو گرفتار کرلیا۔ یہ دھوکہ دہی 46 کروڑ روپے کی تھی۔

اور

(۴) آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے اضلاع پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی ملگ، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال اضلاع میں گرمی کی شدید لہر کا امکان ہے۔

☆☆☆

حیدرآباد پولیس نے جی ایس ٹی کی رقم کی واپسی کی دھوکہ دہی کے 7 معاملات میں ملوث جی ایس ٹی کے پانچ عہدیداروں کو گرفتار کرلیا۔ یہ دھوکہ دہی 46 کروڑ روپے کی تھی۔ حیدرآباد سنٹرل کرائم اسٹیشن ڈیٹکٹیو ڈپارٹمنٹ نے کہا ہے کہ اس نے ریاست کے مختلف سرکلس میں خدمات انجام دینے والے جی ایس ٹی کے عہدیداروں کو گرفتار کرلیا۔ یہ گرفتاری 7 فرضی الکٹرک بائیک کی تیاری کرنے والی کمپنیوں کے خلاف سی سی ایس کی جانب سے درج کردہ مقدمات کے سلسلہ میں کی گئی ہے۔ گرفتار شدگان میں پی سورنا کمار ڈپٹی کمشنر جی ایس ٹی نلگنڈہ، کے وینو گوپال اسسٹنٹ کمشنر اسٹیٹ ٹیکس عابڈس سرکل، وشوا کرن اسسٹنٹ کمشنر اسٹیٹ ٹیکس مادھا پور 1 سرکل، وی وینکٹ رمنا ڈپٹی اسٹیٹ ٹیکس آفیسر جی ایس ٹی مادھا پور 2 سرکل اور ایم مہیتا سینئر اسسٹنٹ مادھا پور سرکل 3 شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق ان عہدیداروں نے فرضی بائیک تیار کرنے والے یونٹس کے ساتھ سازش کی تھی۔ ملزمین نے حیدرآباد میں اِن کے مالکین سے برقی بلز کی وصولی کے ذریعہ فرضی کمپنیاں قائم کی تھیں۔ اس سلسلہ میں جی ایس ٹی پورٹل میں شکایت درج کروائی گئی تھی۔

☆☆☆

بی آر ایس لیڈر و سابق وزیر ہریش راؤ نے الزام لگایا ہے کہ بعض گوشوں میں یہ اطلاعات کررہی ہیں کہ توسیعی مدت کے لئے حیدرآباد کو تلنگانہ اور آندھراپردیش کا مشترکہ دارالحکومت بنایا جائے گا۔ انہوں نے اسے تشویش کا مسئلہ قرار دیا۔ حیدرآباد میں آندھراپردیش یونین آف ورکنگ جرنلسٹ کی جانب سے منعقدہ صحافت سے ملاقات پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ آندھراپردیش تنظیم جدید قانون کے مطابق جاریہ سال جون تک حیدرآباد دونوں ریاستوں کے مشترکہ دارالحکومت کے طور پور 10 سال مکمل کرے گا۔ دارالحکومت کے موقف میں مزید توسیع تلنگانہ کے مفاد میں نہیں ہوگی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی آندھراپردیش میں اپنے مفادات کے ذریعہ آندھراپردیش کی قیادت کے ہاتھوں کا کھلونا بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں ریاست سے ان کی پارٹی کی زیادہ نمائندگی کی ضرورت ہے۔

☆☆☆

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی انڈر گریجویٹ میڈیکل پروگرامس میں داخلہ کے لئے کل نیٹ امتحان منعقد کرے گی۔ جاریہ سال 57 شہروں اور ملک کے باہر کے 14 شہروں کے مختلف مراکز پر 24 لاکھ سے زائد امیدوار یہ امتحان تحریر کریں گے۔ امتحان کے اوقات دوپہر 2 بجے تا 5:20 بجے شام ہوں گے۔ نیٹ نے امیدواروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے ایسے اڈمیٹ کارڈ ڈاون لوڈ کریں جن پر تصویر، دستخط اور رول نمبر بارکوڈ واضح ہو۔

☆☆☆

روہیت ویمولا کی ماں نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے آج ملاقات کی اوران پرزور دیا کہ وہ اس بات کویقینی بنائیں کہ ان کے خاندان سے انصاف ہو۔ ریونت ریڈی نے انہیں یقین دہانی کروائی کہ 2016ء میں ان کے بیٹے کی خودکشی کے معاملہ کی جانچ ایک مرتبہ پھر کروائی جائے گی اوران سے انصاف کو یقینی بنایا جائے گا۔ایک سرکاری پریس ریلیز میں یہ بات بتائی گئی۔ پولیس نے حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کے طالب علم روہیت ویمولا کی موت کی جانچ کے سلسلہ میں مقامی عدالت میں کلوژر رپورٹ داخل کرتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ وہ دلت نہیں تھا۔ڈی جی پی روی گپتا نے پہلے ہی اعلان کیا ہے کہ کلوژر رپورٹ پر روہیت ویمولا کی ماں اور دیگر کی جانب سے کئے گئے شکوک کے پیش نظر اس کیس کی مزید تحقیقات کی جائے گی۔اسی دوران پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ روہیت ویمولا کی ذات کے سرٹیفکیٹ میں چھیڑ چھاڑ کی گئی ہے۔پولیس نے شواہد کی کمی کے سبب اس کیس کو بند کردیا۔

☆☆☆

مرکز نے پیاز کو برآمد کرنے پر عائد پابندی کوختم کردیا ہے۔اپنے اعلامیہ میں ڈائرکٹر جنرل فارین ٹریڈ نے کہا کہ اِس حکم پر فوری اثر کے ساتھ عمل ہوگا۔ گزشتہ ماہ مرکز نے 6 ممالک بنگلہ دیش، یواے ای، بھوٹان، بحرین، ماریشس اورسری لنکا کو پیاز کی 99 ہزارمیٹرک ٹن کو برآمد کرنے کی اجازت دی تھی۔

☆☆☆

تلنگانہ کانگریس سربراہ ووزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے یقین دہانی کروائی ہے کہ اِس ماہ کی 8 تاریخ تک ریاستی حکومت رعیتو بندھو اسکیم کے بقایاجات کی رقم کسانوں کے بینک کھاتوں میں جمع کروادے گی۔انہوں نے کہا کہ حکومت 15 اگست تک کسانوں کے 2 لاکھ روپے تک کے قرضہ جات معاف کرے گی۔انہوں نے بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے بی آر ایس سربراہ چندرشیکھرراؤ اور بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ کو چیالنج کیا کہ وہ کسانوں کے لئے رعیتو بندھو اسکیم پرعمل آوری پر بحث کے لئے سامنے آئیں۔انہوں نے کہا کہ اگر وہ اپنی یقین دہانی پرعمل کرنے میں ناکام رہیں تو وہ فرش پراپنی ناک رگڑنے کے لئے تیار رہیں۔انہوں نے چندرشیکھرراؤ سے کہا کہ وہ کیا اس پرعمل کیا گیا تو چندرشیکھرراؤ اپنی ناک فرش پر رگڑیں گے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت نے 65 لاکھ کسانوں کے بینک کھاتوں میں رقم جمع کروائی ہے جبکہ بقیہ 4 لاکھ کسانوں کا احاطہ 8 مئی تک کردیا جائے گا۔انہوں نے سابق وزیر ہریش راؤ کی جانب سے کئے گئے ایک اور چیالنج کا حوالہ دیتے ہوئے اعادہ کیا کہ ان کی حکومت 15 اگست تک کسانوں کے قرضہ جات معاف کرے گی۔

☆☆☆

حیدرآباد ڈی سی سی صدر وحیدرآباد لوک سبھا کے کانگریس امیدوار سمیر ولی اللہ نے دعویٰ کیا کہ پرانے شہر میں رہنے والوں کومتاثر کرنے والے حقیقی مسائل پر توجہ نہیں دی جارہی ہے۔انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے نشاندہی کی کہ 1984ء میں مجلس نے یہ نشست حاصل کی تھی، تب سے پرانے شہر کے علاقوں میں ترقیاتی مسائل حل نہیں کئے گئے۔انہوں نے نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ 2004ء سے اسدالدین اویسی اس حلقہ کی نمائندگی کررہے ہیں، تاہم انہوں نے شہریوں کے مسائل پرتوجہ نہیں دی۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی اس ماہ کی 8 تاریخ کوتلنگانہ کے ورنگل ضلع میں انتخابی مہم چلائیں گے۔ورنگل کے بی جے پی امیدوار اروری رمیش نے کہا کہ پارٹی کے لئے موافق حالات ہیں۔ان کی پارٹی ریاست میں زیادہ سے زیادہ نشستیں حاصل کرے گی اورمودی تیسری مرتبہ وزیراعظم بنیں گے۔

☆☆☆

تلنگانہ کی سابق گورنر ڈاکٹر تملی سائی سوندرا راجن نے سنگاریڈی ضلع میں وشِشٹ سمپرک ابھیان پروگرام کے حصہ کے طور پر حلقہ لوک سبھا ظہیرآباد کا دورہ کیا۔انہوں نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے کئی مرتبہ ریاست کا دورہ کیا اور کئی بہبودی پروگراموں پرعمل کیا۔انہوں نے کووڈ کے بحران کے دوران مودی کی مساعی کی ستائش کی۔

☆☆☆

حیدرآباد لوک سبھا حلقہ کے مجلسی امیدوار بیرسٹر اسدالدین اویسی نے آج حلقہ اسمبلی چار مینار کے علاقوں روپ لال بازار، شاہ علی بنڈہ، ہمت پورہ، شاہ گنج، جگدیش ہٹس، دودھ باؤلی، پاڑدی واڑہ اور پرانا پل کے مختلف محلّہ جات کا دورہ کرتے ہوئے رائے دہندوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے ان کو ووٹ دے کر کامیاب بنانے کی رائے دہندوں سے خواہش کی۔

☆☆☆

وائی ایس آر کانگریس کے سربراہ و آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ جگن موہن ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ اراضی کے حق کے قانون پر تلگودیشم سربراہ چندرابابو نائیڈو گندی سیاست کررہے ہیں۔ انہوں نے ہندوپور میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تلگودیشم کے قائدین انتخابی مہم کے دوران جھوٹا پروپگنڈہ کررہے ہیں۔

☆☆☆

آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے اضلاع پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی ملگ، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال اضلاع میں گرمی کی شدید لہر کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ کل بھی ریاست کے بیشتر اضلاع میں ایسی ہی صورتحال کا امکان ہے۔ آصف آباد، منچریال، نرمل، جگتیال، نظام آباد، راجنا سرسلہ، کریم نگر، کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، کاماریڈی، محبوب نگر اور ریاست کے دیگر اضلاع میں بعض مقامات پر آئندہ 3 دنوں کے دوران گرمی کی لہر کی شدت میں اضافہ کا امکان ہے۔ کھمم، میڑچل، ملکاجگری اور رنگاریڈی میں گرمی کی لہر گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران درج کی گئی ہے۔ اسی دوران محکمہ موسمیات نے کہا کہ حیدرآباد میں اعظم ترین درجہ حرارت 43.8 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے 8 اضلاع کے لئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے اور بقیہ کے لئے آرینج الرٹ آئندہ تین دنوں کے لئے ہوگا۔